21/09/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

سیوا پرو

ملک کے دیگر حصوں کی طرح پورے جموں کشمیر میں بھی سیوا پرو کے تحت سرگرمیوں کا انعقاد جاری ہے ، جن کے دوران مختلف سیکٹروں میں حکومت کی حصولیابیوں اور کامیابیوں کو اجا گر کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو مختلف سکیموں اور فلاحی پروگراموں کے بارے میں جانکاری دی جا رہی ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے سیوا پرو کے تحت آج شہرہ آفاق جھیل ڈل میں منعقدہ صفائی ستھرائی مہم میں حصہ لیا ۔ اس موقعہ پر ایل جی نے کہا کہ پچھلے پانچ برسوں کے دوران ڈل اور نگین جھیلوں اور اس کے مضافاتی علاقے کو تحفظ دینے کا کام مشن موڈ کے تحت ہاتھ میں لیا گیا ۔ انہوں نے کہا کہ جھیل ڈل اب صاف ہو رہا ہے اور بڑی تعداد میں ملکی اور غیر ملکی سیاح اس کی طرف راغب ہو رہے ہیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے بارہمولہ کا دورہ کر کے وہاں سیوا پرو کا آغاز کیا ۔ انہوننے وہاں مختلف محکموں کی طرف سے لگائے گئے سٹالوں کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ زمینی سطح پر تمام فلاحی سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنائیں ۔

سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت سرینگر ضلع انتظامیہ نے امر سنگھ کالج سرینگر میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت تعلیمی اداروں کے سربراہوں کے لئے ایک روزہ تربیتی و بیداری پروگرام کا انعقاد کیا ۔ ڈی سی سرینگر اکشے لابرو اس موقعہ پر مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔

کپواڑہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر شری کانت بالا صاحب سوسے نے سیوا پرو کے تحت کل مڑھل کا دورہ کر کے وہاں ایک کیمپ کے دوران ضلع کے ترقیاتی ضروریات اور□وگوں کے مسائل کا جائزہ□یا ۔

پلوامہ میں بھی سیوا پرو ابھیان کے تحت متعدد سرگرمیاں منعقد کی گئیں ۔ تمام تعلیمی اداروں میں ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت پودے□گائے گئے ۔ کئی مقامات پر سوتھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت بڑے طبی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا ۔

پلوامہ میں بھی سیوا پرو ابھیان کے تحت متعدد سرگرمیاں منعقد کی گئیں ۔ تمام تعلیمی اداروں میں ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت پودے□گائے گئے ۔ کئی مقامات پر سوتھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت بڑے طبی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا ۔

بانڈی پورہ میں بھی مختلف محکموں کی طرف سے سیوا پرو کے تحت بیداری اور جانکاری پروگراموں کا انعقاد جاری ہے ۔ اس ابھیان میں□وگ بڑھ چڑھ کر حصہ□ے رہے ہیں اور حکومت کی فلاحی سکیموں سے متعلق جانکاری حاصل کر رہے ہیں ۔

GST

کی شرحوں میں GST مرکزی حکومت نے عوامی مفاد میں کئی چیزوں اور خدمات پر عائد معقو□یت لائی ہے-

* .... 33 حیات بخش ادویات پر عائد12فیصد GST کو مکمل طور ختم کیا گیا ہے جبکہ ایسی مزید3 ادویات پر عائد 5 فیصد GST کو بھی ختم کر دیا گیا ہے ۔

* .... ہینڈی کرافٹس، ماربل، گرینائٹ بلاک اور چمڑے کی مصنوعات کا GST بارہ فیصد سے کم کر کے 5فیصد کر دیا گیا ہے-

* .... اسی طرح سے سیمنٹ پرجی ایس ٹی28فیصد سے گھٹا کر 18 فیصد کر دیا گیا ہے-

--------JINGLE -------

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے بڑے صنعتی اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ جموں کشمیر کو سرمایہ کاری کرنے کی فعال جگہ سمجھ کر یہاں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کریں ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام تفاوتوں کو دور کر کے جموں کشمیر میں سرمایہ کاری کے نظام کو مستحکم کرنے کے□ئے اقدامات کر رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ جموں صوبے کے کٹھوعہ ، سانبہ اور بڑی برہمنا نیز وادی کے لاسی پورہ علاقے میں موجود انڈسٹریل ہب سرمایہ کاری کے اہم مراکز بن کر سامنے آ رہے ہیں ۔

نائب وزیراعلیٰ

بھارت کنکلیو MSME دریں اثناءنائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے جموں میں امر اُجالا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں انتہائی چھوٹے ، چھوٹے اور درمیانہ درجے کے کارخانوں کو در پیش مسائل کو سمجھنے کا وقت آ گیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اس سال اگست کے آخر تک چار ہزار کروڑ روپے سے زائد لاگت والے پروجیکٹ شروع کئے گئے ہیں ۔ انہوننے سٹارٹ اپ نظام کو دوام بخشنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

نلن پربھات

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات نے کل سوپور کا دورہ کر کے وہاں نئے قائم کئے گئے ایس او جی کمپلیکس کا افتتاح کیا اور بعد میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔

نار کو ٹیرر

نار کو ٹیرر کے خلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سِدھرا جموں میں ہُگام سری گفوارہ کے فردوس احمد بٹ کے دو کروڑ روپے مالیت کی جائداد کو اٹیچ کر دیا ہے ۔

ہاکی لیگ

پولو گراونڈ سرینگر میں کل جنرل بپن راوت میموریل کشمیر ہاکی لیگ 2025 اختتام Astro Turf پذیر ہوئی ۔ اس میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی 16 ہاکی ٹیموں نے شرکت کی ۔

ایوارڈ

معروف ایکٹر ، ڈائریکٹر اور پرڈیوسر موہن لال کو بھارتی سنیما میں ان کے بے مثال کام کے لئے سال 2023 کے دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا جائے گا ۔

ورکشاپ

پرنسپل اکاونٹنٹ جنرل نے ضلع ٹریجری آفس اننت ناگ کے اشتراک سے کل ٹاون ہال پہلگام میں حکومتی اکاونٹنگ عمل میں مزید شفافیت لانے کی غرض سے اکاونٹنگ سے متعلق اپنی نوعیت کے پہلے ورکشاپ کا انعقاد کیا جس میں چار سو Drawing and Disbursing افسروں نے شرکت کی ۔

گاندربل

گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور کی صدارت میں کل منعقدہ ضلع سطح کی کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران JKCIP کے تحت 213 معاملات کو منظوری دی HADP اور 237 کے تحت گئی -

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ